45405
327

Date:

کیا فرماتے ہیں مفتیانِ کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کو قتل کیا گیا اور اسے دفنا دیا گیا۔ بعد میں قاتلین کی تعیین کے لیے اس کو پوسٹ مارٹم کی غرض سے قبر سے نکالنا شرعاً کیسا ہے؟

براہِ کرم شریعت کی روشنی میں رہنمائی فرما کر ممنون فرمائیں۔

مشتاق احمد

ڈاکخانہ حویلیاں ضلع ایبٹ آباد
0302-5013341

(جواب منسلک ہے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیا

جواب سے پہلے دو باتیں بیان کرنا ضروری ہیں:

(۱) اللہ تعالیٰ نے بنو آدم کو باقی تمام مخلوقات پر عزت عطا کی ہے { وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا } [الإسراء : ۷۰] اور قرآن و سنت میں جابجا انسان کی جان ومال کی حرمت اور اس کی تعظیم وتکریم کے بارے میں واضح ہدایات موجود ہیں، یہاں تک کہ انسان کے فوت ہو جانے کے بعد بھی اس کے جسدِ خاکی کا احترام واجب قرار دیا گیا ہے۔ مُردے کی ہڈی توڑنے کو زندہ (جان) کی ہڈی توڑنے کی طرح قرار دیا، چنانچہ " سنن أبي داود " میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:

«كسر عظم الميت ككسره حيا» (باب في الحفار يجد العظم هل يتنكب ذلك المكان،م)

ترجمہ: "مُردے کی ہڈی توڑنا، زندہ کی ہڈی توڑنے کی طرح ہے"۔

مذکورہ بالا تفصیل سے معلوم ہوا کہ زندگی کی طرح مرنے کے بعد بھی انسان کی تعظیم وتکریم واجب ہے اور انسان اور انسانی اعضاء کی بے حرمتی اور بے توقیری جائز نہیں ہے۔

(۲) اگر کسی ضرورت کے پیشِ نظر انسان کو آپریشن کروانا پڑے اور آپریشن میں انسانی اعضاء کی چیر پھاڑ ناگزیر ہو تو فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس کی اجازت دی ہے، بشرطیکہ آپریشن اور اعضاء کی چیر پھاڑ بقدرِ ضرورت ہو اور اس دوران مقدور بھر کوشش کے ذریعے احترامِ انسانیت اور ستر پوشی کا خاص طور سے خیال رکھا جائے۔ اسی طرح شدید ضرورت اور غیر معمولی حالات پیش آنے کی صورت میں اگر مُردے کے جسم کا پوسٹ مارٹم کرنا پڑے تو مندرجہ بالا تفصیل کے ساتھ علماء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس کی بھی اجازت دی ہے، فقہ حنفی کی معروف کتاب "الدر المختار" میں ہے کہ:

(حَامِلٌ مَاتَتْ وَوَلَدُهَا حَيٌّ) يَضْطَرِبُ (شُقَّ بَطْنُهَا) مِنْ الْأَيْسَرِ (وَيُخْرَجُ وَلَدُهَا) وَلَوْ بِالْعَكْسِ وَخِيفَ عَلَى الْأُمِّ قُطِعَ وَأُخْرِجَ وَلَوْ مَيِّتًا وَإِلَّا لَا كَمَا فِي كَرَاهَةِ الِاخْتِيَارِ.

دار الافتاء

Scanned by CamScanner

"اگر کسی عورت کا انتقال ہو جائے اور اس کے پیٹ میں بچہ ہو اور بچہ میں ابھی زندگی کے آثار موجود ہوں تو پیٹ چیر کر بچہ کو نکالا جائے گا"۔ (ج:۲،ص:۲۳۸)

حضرات فقہاءِ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے عام حالات میں میت کو دفن کر لینے کے بعد اس کی قبر کھولنے یا قبر کھول کر میت کو قبر سے نکالنے سے منع فرمایا ہے، لیکن جہاں ضرورت ہو یا کسی بندے کا حق ضائع ہو رہا ہو مثلاً دفناتے وقت کوئی قیمتی چیز قبر میں ہی رہ گئی ہو یا کسی کی زمین غصب کر کے میت کو اس میں دفن کر دیا گیا ہو تو ایسی صورت میں فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے قبر کھولنے یا کھول کر میت کو قبر سے نکالنے کی بھی گنجائش دی ہے۔

موجودہ حالات میں مُردے کے جسم کا آپریشن اور اس کے اعضاء کی چیر پھاڑ کے متعدد بیان کردہ اسباب میں سے ایک اہم سبب "پوسٹ مارٹم" بھی ہے؛ کیونکہ بعض اوقات جرم کی تحقیق، اس کی نوعیت اور اسی طرح مجرم کی شناخت کے لیے پوسٹ مارٹم کی ضرورت پڑتی ہے۔

لہٰذا مذکورہ صورت میں مجرموں کی شناخت کے لیے میت کا پوسٹ مارٹم، اگرچہ قتل کے ثبوت کے لیے ناکافی ہے، بلکہ قتل کے ثبوت کے لیے صرف ایک معاون کا درجہ رکھتا ہے مگر پوسٹ مارٹم کرانے اور اس مقصد کے لیے قبر کھود کر لاش نکالنے کی درج ذیل شرائط کی پابندی کرتے ہوئے گنجائش معلوم ہوتی ہے:

۱. قتل کا یقین یا ظن غالب ہو۔

۲. نبش کے بغیر قتل کا سبب معلوم نہ ہو سکتا ہو۔

۳. مجرم کی طرف سے اقرار نہ ہو۔

۴. مقتول کے ورثاء کی طرف سے پوسٹ مارٹم کا مطالبہ کیا جا رہا ہو۔

۵. یقین یا غالب گمان ہو کہ پوسٹ مارٹم کے ذریعے قتل کے ثبوت میں معاونت حاصل ہو گی۔

۶. اعضاء کی چیر پھاڑ صرف اور صرف بقدرِ ضرورت ہو۔

۷. پوسٹ مارٹم کے دوران مقدور بھر کوشش کے ذریعے احترامِ انسانیت اور ستر پوشی کا خاص طور سے خیال رکھا جائے۔

دار الافتاء

Scanned by CamScanner

البتہ جہاں پوسٹ مارٹم کی اشد ضرورت نہ ہو یا ضرورت تو ہو، لیکن اس کا کوئی فائدہ نہ ہو اسی طرح اگر خود میت کے ورثاء کی طرف سے اس کا مطالبہ نہ ہو، اور ان ورثاء کا اپنا کردار اس جرم کے سلسلے میں مشکوک و مبہم بھی نہ ہو، تو ایسی صورت میں پوسٹ مارٹم کرانے کی اجازت نہیں ہے۔

(باستفادۃ من کتاب الفتاوی از حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب مد ظلہم: ۳/ ۲۵۱، امداد الفتاوی: ۱/ ۵۸۸، نظام الفتاوی ص ۳۵۶ اسلامی کتب خانہ دیوبند، کفایت المفتی: ۴/ ۲۰۰ دار الاشاعت کراچی)

في صحيح البخاري – (٢ / ٩٣)

عن جابر رضي الله عنه، قال: «دفن مع أبي رجل، فلم تطب نفسي حتى أخرجته، فجعلته في قبر على حدة»

وفي عون المعبود وحاشية ابن القيم – (٩ / ٣٩)

وفي رواية البخاري فلم تطب نفسي حتى أخرجته فجعلته في قبر على حدة فيه دلالة على جواز الإخراج لأمر يتعلق بالحي لأنه لا ضرر على الميت في دفن ميت آخر معه وقد بين ذلك جابر بقوله فكان في نفسي (فما أنكرت منه شيئا) أي ما وجدت منكرا ومتغيرا من جسده شيئا.

وفي الدر المختار – (٢ / ٢٣٧)

(ولا يخرج منه) بعد إهالة التراب (إلا) لحق آدمي ك (أن تكون الأرض مغصوبة أو أخذت بشفعة) ويخير المالك بين إخراجه ومساواته بالأرض كما جاز زرعه والبناء عليه إذا بلي وصار ترابا زيلعي.

وفي حاشية ابن عابدين (رد المحتار) – (٢ / ٢٣٨)

(قوله إلا لحق آدمي) احتراز عن حق الله تعالى كما إذا دفن بلا غسل أو صلاة أو وضع على غير يمينه أو إلى غير القبلة فإنه لا ينبش عليه بعد إهالة التراب كما مر (قوله كأن تكون الأرض مغصوبة) وكما إذا سقط في القبر متاع أو كفن بثوب مغصوب أو دفن معه مال قالوا: ولو كان المال درهما بحر.

وفي المبسوط للسرخسي – (٢ / ٧٤)

(قال): وإن سقط شيء من متاع القوم في القبر فلا بأس بأن يحفروا التراب في ذلك الموضع ليخرجوا متاعهم من غير أن ينبش الميت لأن لمال المسلم حرمة وقد «نهى رسول الله – صلى الله عليه وسلم – عن إضاعة المال» وفي إبقاء المتاع في القبر إضاعة المال وقد صح في الحديث أن المغيرة بن شعبة – رضي الله عنه – سقط خاتمه في قبر رسول الله – صلى الله عليه وسلم – فما

Scanned by CamScanner

زال بالصحابة حتى رفع اللبن وأخذ خاتمه وقبل بين عيني رسول الله - صلى الله عليه وسلم - ثم كان يفتخر بذلك ويقول: أنا أحدثكم عهدا برسول الله - صلى الله عليه وسلم.

وفي البناية شرح الهداية – (٣ / ٢٦٠)

ولا يسع إخراج الميت من القبر بعد الدفن إلا إذا كان بعذر، قلت المدة أو كثرت، والعذر: مثل أن يظهر للأرض مستحق أو أخذ الشفيع له بالشفعة، ذكرها في " الواقعات " وغيرها.

وفي " جوامع الفقه ": امرأة مات ولدها في القرية ودفن هناك، والأم لا تصبر عنه لا ينبش ولا ينقل إلى بلدها، وعليها أن تصبر.

وفي الفتاوى الهندية – (١ / ١٦٧)

ولا ينبغي إخراج الميت من القبر بعد ما دفن إلا إذا كانت الأرض مغصوبة أو أخذت بشفعة، كذا في فتاوى قاضي خان. إذا دفن الميت في أرض غيره بغير إذن مالكها فالمالك بالخيار إن شاء أمر بإخراج الميت وإن شاء سوى الأرض وزرع فيها، كذا في التجنيس.

ولو وضع الميت لغير القبلة أو على شقه الأيسر أو جعل رأسه موضع رجليه وأهيل عليه التراب لم ينبش ولو سوي عليه اللبن ولم يهل عليه التراب نزع اللبن وروعي السنة، كذا في التبيين، وإن وقع في القبر متاع فعلم بذلك بعد ما أهالوا عليه التراب ينبش، كذا في فتاوى قاضي خان، قالوا ولو كان المال درهما، كذا في البحر الرائق.

وفي البحر الرائق، دارالكتاب الاسلامي – (٢ / ٢١٠)

(قوله ولا يخرج من القبر إلا أن تكون الأرض مغصوبة) أي بعد ما أهيل التراب عليه لا يجوز إخراجه لغير ضرورة للنهي الوارد عن نبشه وصرحوا بحرمته وأشار بكون الأرض مغصوبة إلى أنه يجوز نبشه لحق الآدمي كما إذا سقط فيها متاعه أو كفن بثوب مغصوب أو دفن في ملك الغير أو دفن معه مال أحياء لحق المحتاج قد «أباح النبي - صلى الله عليه وسلم - نبش قبر أبي رغال لعصا من ذهب معه» كذا في المجتبى قالوا، ولو كان المال درهما ودخل فيه ما إذا أخذها الشفيع فإنه ينبش أيضا لحقه كما في فتح القدير وذكر في التبيين أن صاحب الأرض مخير إن شاء أخرجه منها وإن شاء ساواه مع الأرض وانتفع بها زراعة أو غيرها وأفاد كلام المصنف أنه لو وضع لغير القبلة

Scanned by CamScanner

او على شقه الأيسر أو حمل رأسه في موضع رجليه أو دفن بلا غسل وأهيل عليه التراب فإنه لا ينبش قال في البدائع؛ لأن النبش حرام حقا لله تعالى، وفي فتح القدير واتفقت كلمة المشايخ في امرأة دفن ابنها، وهي غائبة في غير بلدها فلم تصبر وأرادت نقله أنه لا يسعها ذلك فتجويز شواذ بعض المتأخرين لا يلتفت إليه اهـ. وأطلق المصنف فشمل ما إذا بعدت المدة أو قصرت كما في الفتاوى.

وفي الفقه على المذاهب الأربعة – الجزيري – (١ / ٨٤٥)

يحرم نبش القبر ما دام يظن بقاء شيء من عظام الميت فيه ويستثنى من ذلك أمور : منها أن يكون الميت قد كفن بمغصوب وأبى صاحبه أن يأخذ القيمة ومنها أن يكون قد دفن في أرض مغصوبة ولم يرض مالكها ببقائه ومنها أن يدفن معه مال بقصد أو بغير قصد سواء كان هذا المال له أو لغيره وسواء كان كثيرا أو قليلا ولو درهما سواء تغير الميت أو لا وهذا متفق عليه إلا عند المالكية فانظر مذهبهم تحت الخط (المالكية قالوا : إذا دفن مع الميت مال نسيانا كأن سقطت ساعة أو خاتم أو دنانير أو دراهم حال الدفن وأهيل عليها التراب فلا يخلو إما أن تكون مملوكة له قبل موته أو هي ملك لغيره فإن كانت مملوكة لغيره فإن له أن ينبش القبر ويخرج ماله إن لم يتغير الميت وإلا يجبر على أخذ قيمة ماله من التركة مثليا كالدراهم والدنانير وقيمته إن كان مقوما كالثياب هذا إذا كان ملكا لغير الميت أما إذا كان ملكا له فتتركه الورثة جبرا عند تغير الميت ولو كانت له قيمة أما إذا لم يتغير الميت وكانت له قيمة فإن لهم نبش القبر وأيضا إنما ينبش القبر لإخراج المال إذا لم يطل الزمن بحيث يظن تلف المال وإلا فلا ينبش لأنه لا فائدة في نبشه في هذه الحالة)

الدر المختار – (٢ / ٢٣٨)

(حامل ماتت وولدها حي) يضطرب (شق بطنها) من الأيسر (ويخرج ولدها)

الأشباه والنظائر لابن نجيم – (١ / ٧٥)

لو كان أحدهما أعظم ضررا من الآخر؛ فإن الأشد يزال بالأخف.

شرح مختصر خليل للخرشي – (٢ / ١٤٤)

استثنى المؤلف مواضع يجوز فيها نبش القبر منها إذا كفن الميت بكفن غصبه الميت أو غيره وثبت ذلك ببينة أو تصديق أهل الميت له وشح المغصوب منه

Scanned by CamScanner

في شيده، فإنه يخرج إلا أن يطول بحيث يعلم منه فساد الكفن وإلا فلا، ويعطى رب الكفن قيمته.

فقه العبادات على المذهب المالكي – (١ / ٢٦٣)

يحرم نبش القبر ما دام نظن بقاء شيء من عظام الميت، أما نبشه بعد الدفن قبل أن يطول الفصل لإخراج مال ذي قيمة دفن معه فلا مانع بشرط أن يكون الميت غير متغير والمال لم يتلف بعد، أما إذا ظن تلف المال المدفون أو تغير الميت فيحرم نبش القبر.

المجموع شرح المهذب – (٥ / ٢٩٩)

أن إخراجه بعد إهالة التراب نبش على الحقيقة وهو ممنوع ...* ولو دفن في أرض مغصوبة استحب لصاحبها تركه فإن أبى فله إخراجه وإن تغير وتفتت وكان فيه هتك لحرمته إذلا حرمة للغاصب وليس لعرق ظالم حق واتفق أصحابنا على هذا ولو دفن في ثوب مغصوب أو مسروق فثلاثة أوجه مشهورة حكاها إمام الحرمين وآخرون (أصحها) ينبش كما لو دفن في أرض مغصوبة وبهذا قطع البغوي وآخرون وصححه الغزالي والمتولي والرافعي ونقله السرخسي عن نص الشافعي.............. والله سبحانه وتعالى اعلم

احسان اللہ

دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی ۱۴

۲۹ ذوالقعدہ ۱۴۳۶ھ

۱۴ ستمبر ۲۰۱۵ء

دار الافتاء

الجواب صحیح

الجواب صحیح

الجواب صحیح

الجواب صحیح

الجواب صحیح

الجواب صحیح

مفتی

نائب مفتی